لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ صفر ۱۳۴۳ھ مطابق ۲۲ ستمبر ۱۹۲۴ء | جلد ۳۶

## فہرست مضامین



| نمبر شمار | خلاصۂ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | جدید اسکیم پولیس فورس | ۱ تا ۵ |
| ۲ | رخصت مدرسی دوم مدرسہ عالیہ | ۵ |
| ۳ | منظوری نقشہ بابت اشیاء دباغی | ؍؍ |
| ۴ | تفویض کار صاحب ہوم سکریٹری بہادر تا صحت | ؍؍ |
| ۵ | انتظام بوجہ ضرورت آلہ جدید شفاخانہ صدر | ۶ |
| ۶ | تقرر منالال بعہدہ جوہری جواہرات | ؍؍ |
| ۷ | اعلان کتب جدید الطبع | ؍؍ |
| ۸ | نقشہ نرخنامہ اجناس و نقشہ بارش | ضمیمہ |



### روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۷؍۱۸ اگست سنہ ۱۹۲۴ء

پولیس فورس کی جدید اسکیم مجوزہ صاحب ہوم سکریٹری بہادر پیش ہوئی۔ صاحب موصوف نے صیغہ پولیس کو از سر نو باقاعدہ ترتیب کے ساتھ منتظم کیا ہے اور گریڈ قائم کیے ہیں۔ تاکہ اسوقت موجودہ ملازمان پولیس درجہ بندی میں آجائیں اور آیندہ قابلیت و محنت سے کام کرنے کے صلہ میں گریڈ خالی ہونے پر ترقی پائیں لہذا حسب ذیل احکام صادر کیے جاتے ہیں۔

(۱) جدید گریڈ انسپکٹران - کوتوال شہر - یک اسم - ابتدائی تنخواہ ماعہ سالانہ اضافہ بشرط پسند خدمات عہ، انتہائی تنخواہ ماعہ

کورٹ انسپکٹر - یک اسم - ابتدائی تنخواہ ماعہ سالانہ اضافہ بشرط پسند خدمات عہ، انتہائی تنخواہ ماعہ -

انسپکٹر حلقہ - یک اسم - ابتدائی تنخواہ ما، الاؤنس سالانہ عہ، انتہائی تنخواہ مع الاؤنس ماعہ -

لائن انسپکٹر - یک اسم - ابتدائی تنخواہ معہ سالانہ اضافہ بشرط پسند خدمات عہ، انتہائی تنخواہ لعہ

اسوقت موجودہ کوتوال شہر کو ماعہ تنخواہ اور دس روپیہ الاؤنس جملہ ماعہ ملتے ہین - اور کورٹ انسپکٹر کو ایک سو روپیہ تنخواہ ملتی ہے ان دونوں کی تنخواہ پر جدید گریڈ کا کوئی اثر نہوگا -

صاحبزادہ سید فدا علی خان بہادر موجودہ انسپکٹر حلقہ ماعہ مع الاؤنس پاتے ہین - جدید گریڈ کے موافق پانچ روپیہ انکے الاؤنس مین اضافہ ہوکر ماعہ مع الاؤنس موافق گریڈ مجوزہ پائینگے -

صاحبزادہ سید یوسف جمال خان بہادر لائن انسپکٹر اس وقت اپنی موجودہ تنخواہ ستر روپیہ پائینگے -

(۲) جدید گریڈ سب انسپکٹران -

یک اسم - فی معہ اسوقت اس گریڈ مین دو سب انسپکٹر مقرر ہین

دو فی سہ اسوقت یہ گریڈ خالی ہے -

تین فی مہ موجودہ تین سب انسپکٹر اس گریڈ مین مقرر ہین

تین فی لعہ موجودہ تین سب انسپکٹر اس گریڈ مین ہین

گیارہ فی سہ موجودہ بارہ سب انسپکٹر معہ کے موقوف گریڈ مین ہین

تجویز حال کے موافق معرضہ بالا سب انسپکٹران کی تعداد بیس پوری ہوتی ہے - انکے علاوہ سات سب انسپکٹر اور ہین وہ تخفیف نہین کئے جائینگے - بلکہ آیندہ جب کوئی جگہ انمین سے کسی وجہ سے خالی ہو جبتک ضرورت انتظامی متقضی نہو اسجگہ دوسرا مقرر نہ کیا جائے -

**نوٹ** ۱ - کوئی سب انسپکٹر جو انچارج تھانہ ہو وہ لعہ سے کم نہ پائیگا پس جو سب انسپکٹر اسوقت سعہ تنخواہ کے انچارج تھانہ ہین یا آیندہ کئے جائین دس دس روپیہ ماہوار الاؤنس انچارجی پائینگے - اور جب وہ انچارجی سے ہٹینگے تو الاؤنس بند ہوجائیگا -

چند سب انسپکٹر تھانہ - حوالی شہر - ٹنڈوائی - باسپور - عظیم نگر گنج - تک تیس تیس روپیہ ماہوار پارہے ہین اور تھانوں کے انچارج ہین وہ دس دس روپیہ الاؤنس انچارجی پائینگے -

۲ - کوتوالی مین سب انسپکٹر انچارج کو بلا لحاظ تنخواہ دس روپیہ الاؤنس جو ہمیشہ سے ملتا ہے بدستور قائم رہیگا -

۳ - سعید جان سب انسپکٹر متعینہ خاص باغ کو بحکم خاص دس روپیہ الاؤنس ملتا ہے وہ بدستور ملیگا -

(۳) جدید گریڈ ہیڈ کانسٹبلان

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | فی معہ | + یک زائد از ٹوٹل | = | ۱۳ |
| ۲۰ | فی عہ | + ۱ ″ | = | ۲۱ |
| ۳۲ | فی عہ | + ۲ ″ | = | ۳۴ |
| میزان ۶۴ | | ۴ | | ۶۸ |

موجودہ چہتر مین سے دو برخاست ہوگئی - چوہتر بدین تفصیل -

فی معہ ۱۱ فی عہ ۹ معہ ۱۸ فی عہ ۲۲ فی عہ ۳۲ میزان ۷۲

۱۱ - اسم فی معہ کے ہین - شرف الدین خان اور محمد فیاض معہ کے گریڈ سے باضافہ تین تین روپیہ حسب رائے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر معہ کے گریڈ مین لے لئے جائین محمد فیاض متعینہ کورٹ دس روپیہ الاؤنس پاتا ہے وہ بدستور قائم رہیگا -

۱۱ + ۲ = ۱۳ - اسم گریڈ معہ ۹ - اسم فی معہ مین سے دو اسم معہ کے گریڈ مین گئے - چند اسم کا تنزل دو دو روپیہ کر معہ کے گریڈ مین لئے جائین - ایک اسم رام دہن بہت ضعیف شخص کر سات روپیہ تنزل کرکے معہ کے گریڈ مین بہیجا جائے -

یک اسم سعہ چہلا خان زائد از ٹوٹل جو موافق گریڈ تنخواہ پاتا ہے

عـہ کے گریڈ مین لے لیا جائے -

۲۱-اسم فی عـہ مین سے بموجب فہرست مرتبہ پولیس عـ سے عـ تک ۱۴ اسم کی تنخواہ مین تین تین روپیہ اضافہ ہوکر عـہ کے گریڈ مین لے لئے جائین - ۶+۱+۱۴=۲۱ اسم گریڈ عـہ - اور ۴ اسم بموجب فہرست مرتبہ پولیس عـ سے عـ تک دو دو روپیہ تنزل کے ساتھ عـہ کے گریڈ مین لے لئے جائین - ۲ اسم اقبال حسین و قاسم حسین زائد از ٹوٹل دو دو روپیہ تنزل کے ساتھ عـہ کے گریڈ مین لے جائین - ایک اسم فیاض خان بہ تنزل دو روپیہ آرمڈ پولیس کے گریڈ عـہ مین منتقل کیا جائے - ایک اسم عـہ خورشید علی زائد از ٹوٹل عـہ کے گریڈ مین رکھا جائے کیونکہ انکی تنخواہ موافق گریڈ ہے - ۳۴ اسم فی عـہ مین سے ۲۵ اسم بموجب فہرست مرتبہ پولیس عـ لغایت نمبر ۲۵ کو تین تین روپیہ اضافہ دیکر عـہ کے گریڈ مین لے لیا جائے - انہین سے بابو پرشاد محمود علی - مختار علی خان کا دو دو روپیہ الاونس مسدود کیا جائے - ایک اسم شمشون علیخان زائد از ٹوٹل کو تین روپیہ اضافہ دیکر عـہ کے گریڈ مین لیا جائے -

۱+۴+۲+۱+۲۵+۱=۳۴ اسم گریڈ عـہ -

۴ اسم جعفر حسین، شفیق الرحمن، فیض احسن، نور محمد کو باضافہ تین تین روپیہ آرمڈ پولیس مین منتقل کیا جائے - ایک اسم عـہ حسن علی تعزیہ ساز کا تبادلہ توشہ خانہ مین ہوگیا - ۴ عـ مین سے ۵ آرمڈ پولیس کو منتقل ہوئے - ایک کا تبادلہ توشہ خانہ کو ہوا - یہ چھ کم ہوکر ۲۸ اسم حسب صراحت بالا گریڈ مین تقسیم ہوگئے - جنمین چھ زائد از ٹوٹل بھی ہین - یہ اسوقت تک زائد از ٹوٹل سمجھے جائینگے جبتک اُس گریڈ مین کوئی جگہ خالی ہو اور زائد از ٹوٹل شخص اپنے حسن خدمات سے ثابت کردے کہ وہ ٹوٹل لینے کے قابل ہے - تو اسوقت وہ ٹوٹل مین آجائیگا - اور پھر زائد از ٹوٹل نہ رہیگا - یا اوپر کے گریڈ مین کوئی جگہ خالی ہو اور شخص زائد از ٹوٹل نیچے گریڈ کا اپنے عمدہ خدمات کے وجہ سے قابل ترقی ہو تو اُسکو گریڈ پروموشن بشل و رونکے ملیگا اور پھر وہ زائد از ٹوٹل نہ رہیگا -

(۴) جدید گریڈ کانسٹبلان ۳۷۵

| | | |
|---|---|---|
| ۵۰ اسم | فی | عـہ |
| ۷۵ اسم | فی | لعہ |
| ۱۵۰ اسم | فی | عـہ |
| ۹۰ اسم | فی | عـہ بجائے چوکیداران |

موجودہ کانسٹبل

| ۶۲ | ۲۹۱ | ۲۲ | |
|---|---|---|---|
| فی لعہ | فی عـہ | فی عـہ | ۳۷۵ مین |

۶۲ فی لعہ مین سے ۵۰ بموجب فہرست مرتبہ پولیس (نمبر ۱ لغایت ۵۰) کے گریڈ عـہ مین ایک ایک روپیہ اضافہ کے ساتھ لئے جائینگے اور انہین سے جنکو الاونس ملتا ہے مسدود کیا جائیگا - ۱۲ اسم لعہ کے گریڈ مجوزہ حال مین رکھی جائینگی - (۲۹۱) فی عـہ مین سے ۱۶۳ کا ایک ایک روپیہ اضافہ ہوکر بموجب فہرست مرتبہ پولیس جدید گریڈ درجہ دوم لعہ مین لئے جائینگے - انہین سے جنکا الاونس مقرر ہے وہ مسدود کیا جائیگا - ۱۲+۱۶۳=۱۷۵ - گریڈ لعہ (۱۲۸) اسم جدید گریڈ عـہ مین رہینگے - ۲۲ فی عـہ کا ایک ایک روپیہ اضافہ ہوکر جدید گریڈ عـہ مین لے لئے جائینگے - ۱۲۸+۲۲=۱۵۰ گریڈ عـہ - چوکیدارونمین بیشتر ضعیف اور لڑکے بھرتی ہوتے ہین - پولیس کو انسے مدد نہین ملتی لہٰذا حسب تجویز صاحب ریونیو سکریٹری بہادر ۱۵۴ چوکیدارونکی بجائے ۹۰ اسم فی عـہ کانسٹبل رکھے جائین اور حفاظت شہر کا انتظام کیا جائے - منجملہ ۱۵۴ چوکیدارونکے ۳۵ بدین تفصیل

بمقام خاص باغ ۶ اصطبل یک - مکانات ۲۸ تعینات مین تاریخ اجراے اسکیم ہذا سے یہ چوکیدار اٹھائے جائین - البتہ ایک کانسٹبل مستقل طور پر داروغہ کلن صاحب کے مکان پر اور ایک کانسٹبل مستقل طور پر کپتان کے مکان پر - یہ دو کانسٹبل یوم اجرائے اسکیم ہذا سے مستقل طور پر تعینات کردئے جائین - تقرر کی منظوری علیحدہ رپورٹ پر ہوگئی ہے - ۲ اسم فی عـہ منجملہ ۳۷۵ کانسٹبلان مندرجہ گریڈ کے ۱۸ کانسٹبل اور ایک ہیڈ جو مختلف عدالتون مین بطور

اردلیان تعینات ہین انکو صیغہ پولیس مین واپس لے لیا جائے۔
صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی تجویز کے موافق ۱۲ کس ہشت ہزار سات روپیہ ماہواری کس صیغہ جوڈیشل مین مقرر کرلین منظوری دیجائی
اور صاحب چیف مجسٹریٹ کے یہان آئندہ چار کانسٹبل گارد پولیس کے
تعینات رہین گے بطور خاص منظور کیا جاتا ہے۔ ان چار کانسٹبل کے
تقرر کی منظوری علیحدہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کی رپورٹ پر
ہوگئی ہے۔ ۴ اسم فی عہ
**نوٹ** پولیس کے کام مین اگر کسی عدالت کو کانسٹبل کی ضرورت
پڑے تو سررشتہ کورٹ مین پانچ کانسٹبل تعینات رہتے ہین اُنسے
کام لین۔ البتہ عدالتون کے ہر اجلاس مین ایک ایک ہیڈ کانسٹبل
یا کلارک کانسٹبل پولیس کے کاغذات کی پیشی اور انتظام کے لئے بدستور
تعینات رہین گے۔

## آرمڈ پولیس

(۵) جدید گریڈ ہیڈ کانسٹبلان آرمڈ پولیس۔ یک فی عہ
دو فی عہ
بارہ فی عہ
موجودہ ہیڈ کانسٹبل یک عہ و ۹ = فی عہ } ۱۰ ہین
یک اسم عہ مبارک علی خان کو تین روپیہ اضافہ دیکر عہ کے
گریڈ مین لیا جائے۔ یک اسم گریڈ عہ ۹ اسم فی عہ مین سے
اسمٰعیل خان و غلام احمد خان کو آٹھ آٹھ روپیہ اضافہ دیکر عہ کے
گریڈ مین لیا جائے۔ غلام احمد خان کا الاونس مسدود کیا جائے۔ ۲ اسم گریڈ عہ
۷ اسم مندرجہ فہرست مرتبہ پولیس سے لغایتہ ۱۸ مین تین تین روپیہ
اضافہ دیکر عہ کے گریڈ مین لئے جائین۔ ۵ اسم سول پولیس سے
آرمڈ پولیس مین لئے گئے ہین ٹوٹل عہ کے گریڈ کا پورا ہوگیا
۷ + ۵ = ۱۲ اسم گریڈ عہ
(۶) جدید گریڈ کانسٹبلان آرمڈ پولیس ۲۰ = فی عہ
۵۰ = فی عہ
۳۰ = فی لعہ

موجودہ کانسٹبلان آرمڈ پولیس ۱۱ = فی عہ و ۹۰ فی لعہ و ۳۱ فی لعہ } ۱۳۲
۱۱ = فی عہ فہرست مرتبہ پولیس کے ۱ سے ۱۱ تک کانسٹبلان کا
ایک ایک روپیہ اضافہ ہوکر عہ کے گریڈ مین لے لیا جائے
الاونس جنکا ہو مسدود کیا جائے۔
۹ = فی لعہ منجملہ ۹۰ مندرجہ فہرست مرتبہ پولیس ۱۲ سے ۲۰ تک
دو دو روپیہ اضافہ ہوکر عہ کے گریڈ مین لیا جائے۔ الاونس جنکا ہو بند کیا جائے
۵۰ منجملہ ۹۰ مندرجہ فہرست مرتبہ پولیس ۲۱ لغایتہ ۷۰ کو ایک ایک روپیہ اضافہ
دیکر عہ کے گریڈ مین لیا جائے۔ ۵۰ اسم گریڈ عہ
۱۷ = فی لعہ کے جدید گریڈ مین رہین گے۔
۱۳ = فی عہ کو بموجب فہرست مرتبہ پولیس ایک ایک روپیہ اضافہ دیکر
نو روپیہ کے گریڈ مین لیا جائے۔ ۱۷ + ۱۳ = ۳۰ اسم گریڈ لعہ
(۷) پولیس ٹریننگ قایم کرجانے کی بابت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر علیحدہ رپورٹ پیش کرینگے۔
(۸) چوکیدارون کی جگہ جو ۹۰ اسم جدید کانسٹبل بھرتی ہونگے جس تاریخ سے
جو جدید کانسٹبل بھرتی ہوتا جائے اُسی تاریخ سے اسکی تنخواہ برآمد ہوتی رہے
اور موجودہ چوکیدار جس تاریخ تک خدمات سرکاری انجام دین اُسی تاریخ تک
اُنکو تنخواہ دیجائے۔
(۹) یکم اکتوبر ۱۹۲۴ء سے اس جدید اسکیم کا عملدرآمد کیا جائے۔

### حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع اسکیم بغرض اجراء احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے
مرسل ہو۔ پولیس کی مرتبہ ضروری فہرستون کی نقلین بھی بخشیگری کو بھی
جائینگی۔ اور روبکار ہذا کی نقلین صاحب اکونٹ سکریٹری بہادر اور صاحب
جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس بھیجی جائینگی۔

### حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلےٰ دام اقبالہم و ملکہم مرقومہ ۱۷ اگست ۱۹۲۴ء
احکام ضابطہ صدر سے جاری ہون۔ ایک نقل روبکار اجلاس ہمایون
حضور معلےٰ دام اقبالہم و ملکہم مع نقل فہرستہائے ملازمان مرتبہ پولیس

بخدمت بخشی صاحب فوج و صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو ایک ایک نقل روبکار اجلاس ہمایون بخدمت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر و صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر مرسل ہو - ایک نقل روبکار مع فہرستہائے ملازمان پولیس شامل فائل بک اجلاس ہو - ایک نقل روبکار درج گزٹ ہو - یکم اکتوبر سنہ حال سے اس جدید اسکیم کے موافق عملدرآمد ہوگا - چونکہ کانسٹبل جدید یکم اکتوبر سنہ حال سے بشاہرہ آٹھ آٹھ روپیہ ماہوار رکھے جائینگے جسکی بابت جداگانہ احکام جاری کئے گئے حکیم تفضل حسین خانصاحب کے یہان جو چوکیداران تعینات ہین وہ تا واپسی حکیم صاحب از اندور بدستور تعینات رہین گے اور جبتک تعینات رہین گے اُس تاریخ تک اُنکو تنخواہ دیجایگی - حکیم خلیل اللہ خان و حکیم سید الیاس صاحب و منشی محمد احمد صاحب کے یہان جو چوکیداران تعینات ہین وہ تا قیام بمبئی بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم تعینات رہین گے - اگر بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم کی تشریف آوری یکم اکتوبر کو نہین ہوئی تو جس تاریخ کو واپسی ہوگی اُس تاریخ تک کی تنخواہ چوکیداران متعینہ کو دیجائیگی - بصراحت بالا احکام متعلق جاری کئے جائین - ۲۹ اگست سنہ ۱۹۲۳ء

## ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
## رخصت
۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب ہوم سکریٹری بہادر - مزید رخصت چہارماہی مولوی احمد امین صاحب مدرس دوم مدرسہ عالیہ کی بانتظام سابقہ ۳ ستمبر سنہ حال سے ۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۳ء تک منظور فرمائی گئی -

## حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
## واقع ۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

بموجب رپورٹ منظوری دیجاتی ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

## اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض ـــــ سیر ساعد

جناب عالی -

گذارش ہے کہ صیغہ جات سے شعبہ جانچ مین جو اشیاء جانچ کے لئے آتی ہین اُنکے متعلق اکثر صیغہ جات کو شکایت رہتی ہے کہ جانچ مین تاخیر ہوتی ہے لہذا اس شکایت کے برطرف کرنے کے لئے فدوی نے ایک نقشہ تجویز کیا ہے اوسکے دو پرت جانچ کے لئے قایم کئے ہین ایک جس سے اشیاء جانچ کے لئے جاتے ہین اور دوسرا شعبہ جانچ کے لئے کہ جہان چیزین جانچ ہوتی ہین اور بعد جانچ صیغہ متعلقہ کو واپس ہوتی ہین اس نقشہ پر عملدرآمد ہونے سے یہ پتہ باسانی چلتا رہیگا کہ کب شے جانچ کے لئے شعبہ جانچ مین گئی اور کتنی مدت مین بعد جانچ واپس ہوئی اس نقشہ کے اجراء سے امید ہے کہ یہ موجودہ دشواری برطرف ہوگی لہذا گذارش ہے کہ نقشہ منسلکہ بیشگاہ عالی سے منظور فرمایا جائے تاکہ اوسکے فارم طبع ہوکر اُن صیغہ جات مین جاتے اشیاء جانچ کے لئے آتی رہتی ہین بھجوادئے جائین ان کے ذریعہ سے اشیاء جانچ بغرض جانچ آتی جاتی رہین زیادہ حد ادب

دولت جاوید باد

فدوی قدیم ـ دستخط فائنینشل سکریٹری بہادر

## روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
## واقع ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

تا صحت کرنل صاحبزادہ سید سجاد علیخان بہادر ہوم سکریٹری صیغہ جات متعلقہ ہوم ڈپارٹمنٹ بصراحت ذیل صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر اور صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے تفویض کئے جاتے ہین -

| | |
|---|---|
| ۱ - سررشتہ تعلیم<br>۲ - میڈیکل ڈپارٹمنٹ<br>۳ - جیل<br>۴ - چھاپہ خانہ | صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر . |
| ۱ - میونسپلٹی<br>۲ - صیغہ برقی روشنی<br>۳ - موشی خانہ جات<br>۴ - مالپور موٹل | صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت |

حکم ہوا کہ

سپرنٹنڈنٹ صدر سے حسب احکام ضابطہ جاری ہون - فقط

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

## حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۴ ستمبر ۱۹۲۲ء

صاحب فائننشل سکرٹری بہادر نے خزانہ مین ایک اہلمد کی ضرورت ظاہر کی ہو لہذا حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہو-

۱- رام سروپ اہلمد بستری سٹیٹ مجسٹریسی خزانہ صدر مین اپنی موجودہ تنخواہ پر تبدیل کیا جائے

۲- گلزاری لال ناظر اجلاس ہمایون بہ کمی دس روپیہ پر تنخواہ تیس روپیہ ماہوار سنعری جیفہ بستری سٹیٹ مجسٹریسی پر تبدیل کیا جائے-

۳- عزیز الحسن اہلمد امام باڑہ بجائے گلزاری لال اجلاس ہمایون مین ناظر بشاہرہ تیس روپیہ ماہوار مقرر کیا جائے صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر نے اس تبادلہ پر اتفاق رائے کیا ہے - عزیز الحسن فوراً اجلاس ہمایون مین حاضر ہوجائے لیکن آخر ستمبر تک امام باڑہ مین بھی متعلق حسابات کا کام انجام دے -

۴- امام باڑہ مین عزیز الحسن کی جگہ کسی جدید تقرر کی ضرورت نہین حسب تجویز صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر سید سلطے جواد اہلمد معرفت خیر کو دس روپیہ ماہوار الاؤنس مقرر کیا جائے تا مبروہ امام باڑہ و معرفت دونون جگہ کا کام انجام دے گا حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون - فقط

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

## حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۱۳ ستمبر ۱۹۲۲ء

ثبت عرضداشت اجلاس ہذا مشعر کا غذات عرضی گنیشی لال چودھری رقعہ خان شہر بابت دوبارہ تقرر مشالال پسر جدید چودھری ساستہ بجائے خود بوجہ ضعیفی و پیرانہ سالی و رپورٹ حاکم صاحب صدر و باتفاق رائے صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر و فائننشل سکرٹری بہادر حقوق مندرجہ ذیل منظور شدہ اجلاس ہمایون مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۲۲ء مشعر اسکے کہ تقرر مشالال بذمہ داری گنیشی لال منظور ہو جو خدمات متعلق خرید پارچہ وغیرہ کی قدیم گنیشی لال کیا کرتا تھا وہی مشالال چودھری انجام دے گا۔

حکم ہوا کہ

بمنشاء حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون اور نقل مطلوبہ اپیلنٹ کو ۳۰ اگست ۱۹۲۲ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

### تفصیل حقوق مندرجہ

۱- بزازان شہر کو کوئی حقوق جو دہری کو نہین دلائے جاتے ہین بلکہ بموجب حکم اجلاس ہمایون مورخہ ۵ مارچ ۱۹۱۶ء سے یہ حق حاصل ہوا ہے کہ جو اہلکاران اپنی خوشی سے قرضہ لین انکی تنخواہ سے وضعات بقدر چہارم بشکل قرضہ خزانچی ہوتی ہا کرے - اسکے علاوہ پانچ ہزار روپیہ بطور قرض خزانہ سرکار سے چودھری کو بعوض پانچسو روپیہ سالانہ بتکمیل ضمانت جائداد دیئے تھے جو ادا ہوگئے - جسکا وہ پھر مستدعی ہو-

## علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہو- اسلئے در موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرمائیے اور احباب کو بھی دکھائیے -

**قول شافی** - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے - اسکی خوبی اس کے نام سے ظاہر ہے - جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ روپیہ ہو-

**التوحید** - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہو- اسمین خداوند عالم کے وجود اس کی توحید اور صفات پر مفصل بحث کی گئی ہے اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ روپیہ ہو-

**خصائص معاویہ** - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ملحوظات مین ہو- جو در اصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اس مین اضافہ کیا گیا ہو قیمت علاوہ محصول ڈاک ... روپیہ ہو-

جس قدر نسخے مطلوب ہون درخواست معروضہ صاحب کتب خانہ کی خدمت مین بھیج فرمائیے -

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

## نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۱۳ ماہ لغایت ۱۹ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۴ء

| تاریخ و دن | صدر عالیہ | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | تحصیل ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بارش | از جون | بارش | از جون | بارش | از جون | بارش | از جون | بارش | از جون | بارش | از جون |
| ۱۳ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۴ء یوم شنبہ | ۲ | ۲۲۴½ | ۰ | ۳۴۰ | ۱۱ | ۲۶۲ | ۰ | ۲۳۱ | ۰ | ۳۸۸ | ۹ | ۲۵۲ |
| ۱۴ ماہ " " " یکشنبہ | ۳۷ | ۳۶۱½ | ۱ | ۳۴۱ | ۰ | ۲۷۳ | ۰ | ۲۳۱ | ۱۷ | ۴۰۵ | ۱۲ | ۲۶۴ |
| ۱۵ ماہ " " " دوشنبہ | ۰ | ۳۶۱½ | ۰ | ۳۴۱ | ۱۰½ | ۲۸۳½ | ۰ | ۲۳۱ | ۰ | ۴۰۵ | ۰ | ۲۶۴ |
| ۱۶ ماہ " " " سہ شنبہ | ۰ | ۳۶۱½ | ۰ | ۳۴۱ | ۰ | ۲۸۳½ | ۰ | ۲۳۱ | ۰ | ۴۰۶ | ۰ | ۲۶۴ |
| ۱۷ ماہ " " " چہار شنبہ | ۰ | ۳۶۱½ | ۰ | ۳۴۱ | ۰ | ۲۸۳½ | ۰ | ۲۳۱ | ۰ | ۴۰۵ | ۰ | ۲۶۴ |
| ۱۸ ماہ " " " پنجشنبہ | ۰ | ۳۶۱½ | ۰ | ۳۴۱ | ۰ | ۲۸۳½ | ۸ | ۲۳۹ | ۰ | ۴۰۵ | ۰ | ۲۶۴ |
| ۱۹ ماہ " " " جمعہ | ۰ | ۳۶۱½ | ۱ | ۳۴۲ | ۰ | ۲۸۳½ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | ۰ | ۴۰۵ | ۰ | ۲۶۴ |

## نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ ماہ لغایت ۱۲ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۴ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | | | ۷۰۱۰ سار | ۸ سار | ۹ سار | ۷۰۱۰ سار | |
| نخود خالص | | | ۱۱ سار | ۱۱ سار | ۱۱ سار | ۱۱ سار | |
| نخود کسی آمیز | | | ۱۲۰۱ سار | ۱۲۰۱ سار | ۱۳ سار | ۱۱۰۱ سار | |
| کسیر | | | ۱۲۰۱ سار | ۱۳ سار | ۱۴ سار | ۱۲ سار | |
| ماش | | | ۰ | ۲۰۱ سار | | ۷۰۱ سار | |
| مونگ | | | ۰ | ۱ | ۰ | ۷۰۱ سار | |
| مکا | | | ۰ | ۱۰ سار | ۰ | ۰ | |
| جئی | | | ۰ | ۱۳ سار | ۱۴ سار | ۱۴ سار | |
| گوجی | | | ۰ | ۱۰ سار | ۰ | ۱۱ سار | |
| عدس | | | ۰ | ۱۲ سار | ۰ | ۱۲ سار | |
| ارہر | | | ۰ | ۱۲ سار | ۰ | ۱۲ سار | |
| برنج | | | ۵ سار | | ۰ | ۴۰۱ سار | |
| روغن زرد | | | ـ ۲ سار | ـ ۲ سار | ۱۰ سار | ـ ۲ سار | |
| روغن سیاہ | | | ۱ سار | ۱ سار | ۱ سار | ۱ سار | |
| روغن کنجد | | | ۰ | ۱ سار | ۱ سار | ۱ سار | |
| نمک سانبھر | | | ۱۱ سار | ۱۱ سار | ۱۱ سار | ۱۱ سار | |
| نمک لاہوری | | | ۶ سار | ۵ سار | ۰ | ۶ سار | |
| قند سیاہ | | | | ۷ سار | ۶ سار | ۶ سار | |
| باجرہ | | | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | |

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور